سائنس

دوسری جماعت کے لیے

مصنفین

محمد انور بھٹی
عبدالصمد
ڈاکٹر محمد ایوب
خادم علی ہاشمی
پروفیسر ظفرالحق شیخ
مس گل یاسمین قمر
پروفیسر نصیر احمد قریشی

ڈینیٹر و ایڈیٹر
پروفیسر نصیر احمد قریشی



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

سَخَّرَ لَکُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

ترجمہ :- اللہ نے تمہارے لیے سورج اور چاند کو خدمت گار بنا دیا -

ناشر : مکتبہ میری لائبریری
آرٹسٹ : حافظ رشید
کاتب
ملک علی محمد
طابع : چوہدری بشیر احمد
عبداللطیف قریشی

برائے آفسٹ پرنٹنگ
آل بشیر پرنٹرز لاہور

جانوروں کی جِلد، بال اور پَر





پروں والا جانور کون سا ہے ؟
کِس جانور کے جِسم پر بال ہیں ؟
ننگی کھال والا جانور کونسا ہے ؟
کِس جانور کے جِسم پر ایک خول ہے ؟
چھلکے کس جانور کے جِسم پر ہیں ؟







اِن جانوروں کے نام بتائیے

اِن کی کھال، بال اور پَر کیسے ہیں؟
















جانور اور اُن کے گھر





کیا سب پرندوں کے گھونسلے ایک جیسے ہوتے ہیں۔

کُچھ جانور جنگلوں میں رہتے ہیں۔

گھنے جنگلوں میں کون رہتا ہے بندر

یا بارہ سنگھے؟





شہد کی مکھیاں اِکٹھی چھتّے میں رہتی ہیں یا
الگ الگ

چیونٹیاں زمین کے اندر بستی بنا کر رہتی ہیں۔

شیر غاروں میں رہنا پسند کرتے ہیں
یا بندروں کی طرح درختوں پر؟

چوہے اپنے بِل کہاں بناتے ہیں؟



مچھلیاں کہاں رہتی ہیں ؟
مینڈک اور مگرمچھ خُشکی پر بھی رہتے ہیں
اور پانی میں بھی۔
کیا مچھلیاں خُشکی پر بھی رہ سکتی ہیں ؟
پانی کے پاس اور کون سے جانور رہتے ہیں ؟











پالتُو جانور کہاں رہتے ہیں؟

پالتو جانوروں کے گھر کون بناتا ہے؟






جانور اور اُن کی خُوراک

بعض جانور پودے کھاتے ہیں۔
گائے کیا کھاتی ہے؟







بعض جانور دُوسرے جانوروں
کا گوشت کھاتے ہیں۔
چُھپکلی کیا کھاتی ہے؟
چیتا کیا کھاتا ہے؟

مُرغیاں دانہ دُنکا کھاتی ہیں -
مُرغیاں کیڑے بھی کھاتی ہیں -







ریچھ کون سی چیزیں کھاتے ہیں
بعض جانور پودے بھی کھاتے ہیں
اور گوشت بھی۔






جانوروں کے فائدے










ہم کِن جانوروں کا گوشت کھاتے ہیں ؟
ہم گائے بھینس اور بکری کا دُودھ پِیتے ہیں ۔
مُرغیوں کے کیا فائدے ہیں ؟
مچھلیاں ہمارے کِس کام آتی ہیں ؟










گھوڑے ہمارے کس کام آتے ہیں
بَیل اور اُونٹ کھیتی باڑی میں کیا
کام کرتے ہیں ؟
بھیڑوں کی اُون کِس کام آتی ہے ؟

پودوں کے تنے

پودوں کے تنے ایک جیسے نہیں ہوتے۔
اِن پودوں کے تنوں میں کیا فرق ہے؟





پودوں کی جڑیں

کیا پودوں کی جڑیں ایک جیسی ہوتی ہیں ؟
اِن پودوں کی جڑوں میں کیا فرق ہے ؟











پَودوں کے بِیج













پَودوں کے بِیج ایک جیسے نہیں ہوتے۔
بِیج چھوٹے بڑے ہوتے ہیں۔
بِیجوں کے کئی رنگ ہوتے ہیں۔





بیجوں کی کئی شکلیں ہوتی ہیں ۔
اِن بیجوں میں کیا فرق ہے ؟



کون سے پودوں کے بیج
کھائے جاتے ہیں ؟













پودوں کے فائدے








ہم پودوں کے کچھ حِصّے کھاتے ہیں ؟
ہم کن پودوں کے پھل کھاتے ہیں ؟
ہم کِن پودوں کے بیج کھاتے ہیں ؟
ہم پودوں کے اور کون سے حِصّے کھاتے ہیں ؟

پودوں کے فائدے




پودے کئی جانوروں کی خُوراک ہیں۔

لکڑی سے کیا کیا چیزیں بنتی ہیں؟



پودوں کے فائدے



پُھول دار پودے ہم گھروں میں کیوں لگاتے ہیں؟



درختوں کے اور کیا فائدے ہیں.

اس تصویر میں کون کون سی چیزیں ہیں؟

کیا یہ سب چیزیں ایک جیسی ہیں؟





غُبارے میں کیا چیز ہے؟



ٹائر میں کیا چیز بھری جا رہی ہے؟



چُولہے میں کیا چیز جل رہی ہے؟



کیتلی کی ٹونٹی سے کیا نِکل رہا ہے؟



پلاسٹک کے تھیلے میں کیا بھری جا رہی ہے؟

سُوئی گیس اور بھاپ سب گیسیں ہیں۔

مائع



مٹی کا تیل



پانی



دُودھ



آدمی کار میں کیا ڈال رہا ہے؟


نلکے سے کیا چیز نِکل رہی ہے؟

کڑاہی میں کیا چیز ہے ؟

دُودھ ، پانی ، مٹی کا تیل اور

پٹرول سب مائع ہیں۔






ٹھوس

میز اور کُرسی لکڑی کی بنی ہیں۔
لکڑی سخت ہوتی ہے۔
سخت چیز کو ٹھوس کہتے ہیں۔
اِس تصویر میں ٹھوس چیزیں کون کون سی ہیں؟

اس تصویر میں کون کون سی چیزیں ہیں؟
مائع چیزوں کے نام بتائیے۔
ٹھوس اور مائع اشیاء کون کون سی ہیں؟
گیس کہاں کہاں ہے؟





ہلکی اور بھاری چیزیں

کون سی چیز ہلکی ہے۔ پھول یا پتھر ؟

کون سی چیز بھاری ہے۔ سیب یا تربوز ؟

ایک فٹ بال بھاری ہے یا ایک غبارہ ؟

قُوّت



چیزوں کو ہلانے
کے لیے قُوّت
لگانی پڑتی ہے۔


اُٹھانا قُوّت لگانا ہے۔

کھینچنا بھی قُوّت لگانا ہے۔





کھینچنے ، دھکیلنے اور اُٹھانے کو قُوّت لگانا کہتے ہیں۔



گاڑی کو کیا چیز کھینچ رہی ہے؟
اِنجن گاڑی پر قُوّت لگا رہا ہے۔



ٹانگے کو کون کھینچ رہا ہے؟
گھوڑا ٹانگے پر قُوّت لگا رہا ہے۔



وزن کون اُٹھا رہا ہے؟
پہلوان قُوّت لگا کر وزن اُٹھا رہا ہے۔
ریڑھی کو کون دھکیل رہا ہے؟
ریڑھی والا ریڑھی پر قُوّت لگا رہا ہے۔



چیزوں کو حرکت دینے کے لیے
قُوّت لگانی پڑتی ہے۔

کھلاڑی نے گیند کو ٹھوکر لگائی ہے۔
گیند پر قُوّت لگانے سے کیا ہُوا ہے ؟
گیند کِس طرف حرکت کر رہی ہے ؟



گول کیپر نے کیا کیا ہے ؟
کیا اُس نے گیند پر قُوّت لگائی ہے ؟
اُس نے کِس طرف کو قُوّت لگائی ہے ؟





چیزوں کو حرکت دینے کے لیے قُوّت لگانی پڑتی ہے۔
حرکت کرتی ہوئی چیزوں کو روکنے کے لیے قُوّت لگانی پڑتی ہے۔

بچّہ گاڑی ہلکی ہے یا رُولر

بچّہ گاڑی کو حرکت دینے کے لیے کتنی قُوّت لگانی پڑتی ہے ؟

رُولر کو حرکت دینے کے لیے کتنی قُوّت لگانی پڑتی ہے ؟





ہلکی چیزوں کو حرکت دینے کے لیے کم قُوّت لگانی پڑتی ہے ؟

بھاری چیزوں کو حرکت دینے کے لیے زیادہ قُوّت لگانی پڑتی ہے ؟

حرارت



چولھے میں کیا چیز جل رہی ہے؟
بچّے آگ پر کیا پکا رہے ہیں؟
بچّے آگ تاپ بھی رہے ہیں۔
جلنے سے حرارت پیدا ہوتی ہے۔





کِن چیزوں کو جلا کر
حرارت پیدا کی جاتی ہے؟



چیزوں کے رگڑنے سے
حرارت پیدا ہوتی ہے



چھتری سُورج کی
گرمی سے بچاتی ہے۔
کیا حرارت چھتری
سے گزُر سکتی ہے؟
بہت سی چیزیں حرارت
کو روک لیتی ہیں۔



کیا لیمپ کی روشنی کمرے میں ہر طرف پھیل رہی ہے ؟ کمرے میں کتنے آدمی بیٹھے ہیں ؟

کیا ہر آدمی کا لیمپ سے فاصلہ ایک جیسا ہے ؟

لیمپ کے قریب کون سا آدمی ہے ؟ سب سے دُور کون ہے ؟

کِس آدمی تک زیادہ روشنی پہنچ رہی ہے ؟

کِس آدمی تک سب سے کم روشنی پہنچ رہی ہے ؟

لیمپ سے کم فاصلے پر زیادہ اور زیادہ فاصلے پر کم روشنی حاصل ہوتی ہے۔



کمرے کی دونوں کھڑکیاں بند ہیں یا کُھلی ؟

کِس کھڑکی سے سُورج کی روشنی اندر آ رہی ہے ؟

کیا اِس کھڑکی میں شیشے لگے ہُوئے ہیں ؟

دُوسری کھڑکی سے روشنی کیوں نہیں گزر رہی ؟

اِس کھڑکی میں شیشے کی بجائے کیا چیز لگی ہُوئی ہے ؟

شیشے سے روشنی گزر جاتی ہے۔ لکڑی سے روشنی نہیں گزرتی

سائے



صُبح کے وقت سائے لمبے ہوتے ہیں۔ صُبح کے وقت سائے کِس طرف بنتے ہیں؟



دوپہر کے وقت سائے چھوٹے ہوتے ہیں۔



شام کے وقت سائے لمبے ہوتے ہیں۔ شام کے وقت سائے کِس طرف بنتے ہیں؟



لڑکے کے ہاتھ میں کیا چیز ہے ؟
سیب کے سائے کی شکل کیسی ہے ؟
کیا بچّوں کے سائے بچّوں جیسے ہیں ؟





چیزوں کے سائے
اُن کے ہم شکل ہوتے ہیں۔



زمین گیند کی طرح گول ہے۔

سُورج کِس شکل کا ہے؟





کیا چاند بھی گول ہے؟

سِتاروں کی کیا شکل ہے؟



زمین، سُورج، چاند اور سِتارے سب گول ہیں۔

ہم چاند کی کئی شکلیں دیکھتے ہیں

پہلی رات کا چاند کمان کی طرح نظر آتا ہے۔ کبھی وہ آدھا گول ہوتا ہے اور کبھی پورا گول۔ ان تصویروں میں چاند کی کون کون سی شکلیں ہیں؟







چار طرفیں

(مشرق۔ مغرب۔ شمال اور جنوب)



سورج کس طرف سے نکلتا ہے؟

لڑکے کے پیچھے کون سی سمت ہے؟

بائیں طرف شمال ہے۔ دائیں طرف جنوب ہے۔



صُبح کے وقت
سُورج نیچا ہوتا ہے۔
اس وقت گرمی کم
ہوتی ہے۔



دوپہر کو سُورج کہاں
ہوتا ہے؟
اس وقت کِتنی گرمی ہوتی
ہے؟
گرمی کہاں کم ہوتی ہے۔
دُھوپ میں یا سائے
میں؟

سال میں چار موسم ہوتے ہیں

سردی - بہار - گرمی - خزاں



سردی کا موسم بہت ٹھنڈا ہوتا ہے۔



سردی کے بعد بہار آتی ہے۔ یہ موسم کیسا ہوتا ہے؟



بہار کے بعد کون سا
موسم آتا ہے؟
اس موسم میں کتنی
گرمی ہوتی ہے؟



گرمیوں کے بعد
درختوں کے پتے
جھڑنے کا موسم آتا
ہے۔ اس موسم کا
کیا نام ہے؟



پہاڑ
اور
دریا



میدان



سمندر

تیار کردہ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ و منظور شدہ محکمۂ تعلیم پنجاب
لاہور بطور واحد نصابی کتاب برائے مدارس پنجاب بمطابق مراسلہ
نمبر 72-1-10 (C). O. S مورخہ 5 دسمبر 1973ء

قومی ترانہ

پاک سرزمین شاد باد　　کشورِ حسین شاد باد
تو نشانِ عزمِ عالی شان　　ارضِ پاکستان!
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سرزمین کا نظام　　قوتِ اخوتِ عوام
قوم، ملک، سلطنت　　پائندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مراد

پرچم ستارہ و ہلال　　رہبرِ ترقی و کمال
ترجمانِ ماضی شانِ حال　　جانِ استقبال
سایۂ خدائے ذوالجلال

ناشر: مکتبہ میری لائبریری۔ اردو بازار۔ لاہور
برائے پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ۔ لاہور



تاریخ اشاعت	ایڈیشن	تعداد	قیمت	کوڈ نمبر	سیریل نمبر
اپریل 1975ء	اوّل	ایک لاکھ	1.20	G 248	